**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS IX EXAMINATION**

**APRIL/ MAY 2018**

**Urdu Compulsory Paper II**

**Time: 2 hours 15 minutes    Marks: 45**

EB May 2018
Te for & Learning Only

## ہدایات

**درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔**

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

| |
|---|
| **میں تصدیق کرتا / کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔**<br>**امیدوار کے دستخط** |

2۔ **خصوصی ہدایت:** اس پرچے میں کل **پانچ** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نا کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نا کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نا کیجیے۔

صفحے کے چوَکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نا لکھیے۔ اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین ( ) میں دیے گئے ہیں۔

**حصہ نثر:**

سوال۔1 (کل 7 نمبر)

(الف) کہا جاتا ہے کہ 'جان ہے تو جہان ہے' لیکن نام دیومالی کو اپنے کام سے سچی لگن کی وجہ سے جان سے بھی ہاتھ دھونا پڑا۔ کیا ایسا کرنا ٹھیک ہے؟ اپنی رائے دیجیے۔ نیز اس سبق کے مصنف کا نام تحریر کیجیے۔ (4 نمبر)

(ب) سبق 'تحریک' کو ذہن میں رکھتے ہوئے یہ بتایئے کہ سورج پرکاش جیسی ناہموار شخصیت کو بدلنے میں موہن نے کیا کردار ادا کیا؟ تین نکات لکھیے۔ (3 نمبر)

AKU-EB May 2018
for
Teaching & Learning Only

## حصۂ نظم:

سوال۔2 (کل 8 نمبر)

(الف) آپ کے نصاب میں شامل نظم 'صبح کا منظر' کس ہیئت (ساخت) میں لکھی گئی ہے؟ نیز اس نظم کے شاعر کا نام تحریر کیجیے۔ (2 نمبر)

(ب)

سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح
اُس کی بد حالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

i۔ درج بالا شعر میں علمِ بیان کی کون سی اصطلاح استعمال ہوئی ہے؟ (1 نمبر)

ii۔ اُس اصطلاح کی تعریف لکھیے۔ (1 نمبر)

iii۔ وہ کون سا لفظ ہے جس سے آپ نے علمِ بیان کی اصطلاح کی نشان دہی کی؟ (1 نمبر)

iv۔ درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟ (1 نمبر)

AKU-EB May 2018 for Teaching & Learning Only

(ج)

اُسی نُور سے دفع ظلمت ہوئی
سرافراز ایماں سے خلقت ہوئی

درج بالا شعر کی تشریح کیجیے۔ (2نمبر)

AKU-EB May 2018
for
Teaching & Learning Only

**تبصرہ نگاری:**

سوال۔3 (کل 7 نمبر)

ایک دفعہ ابنِ انشا ٹوکیو کی ایک یونیورسٹی میں مقامی استاد سے گفتگو میں محو تھے۔جب گفتگو اپنے اختتام کو پہنچی تو وہ اُستاد ابنِ انشا کو الوداع کرتے ہوئے یونیورسٹی کے باہری لان تک چل پڑا۔ ابھی یونیورسٹی کی حدود میں ہی تھے کہ دونوں باتیں کرتے کرتے ایک مقام پر کھڑے ہوگئے۔ اُس دوران ابنِ انشا نے محسوس کیا کہ پیچھے سے گزرنے والے طلبہ اُچھل اُچھل کر گزر رہے ہیں۔ باتیں ختم ہوئیں تو ابنِ انشا اجازت لینے سے پہلے یہ پوچھے بغیر نہ رہ سکے کہ ”محترم! ہمارے پیچھے سے گزرنے والا ہر طالب علم اُچھل اُچھل کر کیوں گزر رہا ہے؟ اِس کی کوئی خاص وجہ؟“ ٹوکیو یونیورسٹی کے استاد نے بتایا: ”سورج کی روشنی سے ہمارا سایہ ہمارے پیچھے پڑ رہا ہے اور یہاں سے گزرنے والا ہر طالب علم نہیں چاہتا کہ اُس کے پاؤں اُس کے استاد کے سائے پر پڑیں۔ اِس لیے ہمارے عقب سے گزرنے والا ہر طالب علم اُچھل اُچھل کر گزر رہا ہے“۔ یہ قوم کیوں نہ ترقی کرے۔ ہمارے معاشرے میں تو استاد کا احترام اُس کے گریڈ اور عہدے سے منسلک ہے۔

ترقی یافتہ ممالک اور پاکستان میں اساتذہ کے مقام کو ذہن میں رکھتے ہوئے اوپر لکھے ہوئے واقعے پر تبصرہ کیجیے۔

AKU-EB May 2018 for Teaching & Learning Only

## تخلیقی تحریر:

سوال۔4 (کل 15 نمبر)

**پاکستان کے ماہر ڈاکٹر باہر جا رہے ہیں۔۔۔ان کی جگہ کون پُر کرے گا؟ (خبر)۔**




اخبار میں چھپنے والی خبر اور اس پر مبنی تصویری خاکے کے پس منظر میں کہانی یا روداد تحریر کیجیے۔

**ہدایات:**

1۔ اپنی تحریر کا عنوان تجویز کیجیے۔

2۔ دورِ حاضر کے واقعات کو مدِ نظر رکھیے۔

3۔ طنز و مزاح کی خوبی اضافی سمجھی جائے گی۔

4۔ لکھنے کے لیے جس صنف کا انتخاب کریں اُس پر (✓) کا نشان لگائیں۔

**کہانی / روداد**

AKU-EB May for Teaching & Lear

AKU-EB May 2018
for
Teaching & Learning Only

براہِ کرم صفحہ الٹیے

AKU-EB May 2018
for
Teaching & Learning Only

سوال۔5 (کل 8 نمبر)

| |
|---|
| ہم تکلیف کے جس مقام پر بھی ہوں، ہم سے آگے ضرور کچھ لوگ ہوتے ہیں۔ اُنھیں دیکھ کر ہمیں شکر کی لاٹھی تھام لینی چاہیے تاکہ راستہ سہولت سے کٹ سکے۔ |

اپنے دوست / اپنی سہیلی کے نام خط لکھیے اور اسے پیغام دیجیے کہ اس بیان میں موجود پیغام کو عام کیجیے تاکہ لوگ چھوٹے چھوٹے مسائل پر رونے کی بہ جائے بڑی نعمتوں کی قدر کریں۔

AKU-EB May 2018 for Teaching & Learning Only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB May 2018
for
Teacihing & Learning Only

# Please use this page for rough work

AKU-EB May 2018
for
Teaching & Learning Only

# Please use this page for rough work

AKU-EB May 2018
for
Teaching & Learning Only